''مینارۂ نور'' (حصہ دوم) | ضخامت: مکتبہ انوار مدینہ، جامع مسجد صدیقِ اکبر، محلہ صدیق آباد (اپر چھنئی) مانسہرہ، ہزارہ ڈویژن، صوبہ سرحد

مؤلف: قاضی محمد اسرائیل گڑنگی مانسہرہ

قاضی محمد اسرائیل صاحب تقریر و تحریر کے ذریعے عامۃ الناس کی اصلاح کیلئے دینی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ ''مینارۂ نور'' (حصہ دوم) اُن کے سلسلۂ مطبوعات کا ۶۰ واں شاہکار ہے۔ مسنون اعمال دعائیں، طبِّ روحانی، غذاؤں کا استعمال اور فوائد و خواص، زبان و ادب، اور تاریخی واقعات پر مشتمل ۱۱۷ عنوانات کا گلدستہ اس کتاب میں مہک رہا ہے۔ بقول مؤلف دینِ اسلام کے سیکڑوں پھول...... ہر ایک کی خوشبو نرالی ہے''۔

''فکرِ چمن'' | ضبط و ترتیب: عبدالوہاب فاروقی، ناشر: دارالعلوم صدیقیہ زروبی صوابی۔ صوبہ سرحد

خطاب: مولانا فضل الرحمٰن

جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمٰن کا تاریخی خطاب جو انہوں نے نشتر ہال پشاور میں کیا۔ پندرہ روزہ ''نجات'' پشاور کے مدیر عبدالوہاب فاروقی نے اسے مرتب کیا ہے۔ اس خطاب میں مولانا فضل الرحمٰن نے درج ذیل عنوانات پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ پچیس برسوں کے اندر پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا امریکی منصوبہ، پنجاب میں عیسائی اور شمالی علاقہ جات میں آغا خانی ریاست کا قیام، ضلعی نظام، پاکستان کو ملٹی نیشنل کمپنیوں کو فروخت کرنے کی سازش، این جی اوز کی سرپرستی، پاکستان کا اسلامی تشخص ختم کرنے کا پروگرام اور دینی مدارس کو تباہ کرنے کا ہدف ہے۔ ۳ روپے میں یہ رسالہ درج بالا پتے سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی۔ ملتان/ ۲۸ مارچ ۲۰۰۲ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب

ابن امیر شریعت، حضرت پیر جی

سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

امیر مجلس احرار اسلام پاکستان

الداعی: سید محمد کفیل بخاری، ناظم، مدرسہ معمورہ دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون 061-511961